88

آیت نمبر 127

آیات نمبر 127 تا 134 میں عورتوں کے بارے میں پوچھے گئے ایک سوال کا جواب - بیویوں
کے درمیان عدل کرنے کی تاکید۔ جو کچھ زمین اور آسمانوں میں ہے وہ سب کچھ اللہ ہی کی
ملکیت ہے اور تنبیہ کہ اگر وہ چاہے تو موجودہ لوگوں کو ختم کرکے دوسرے لوگ لا سکتا ہے

وَيَسۡتَفۡتُوۡنَكَ فِى النِّسَآءِ ؕ اور اے پیغمبر (ﷺ)! یہ لوگ آپ سے عورتوں
کے بارے میں حکم دریافت کرتے ہیں قُلِ اللّٰهُ يُفۡتِيۡكُمۡ فِيۡهِنَّ ۙ وَمَا يُتۡلٰى
عَلَيۡكُمۡ فِى الۡكِتٰبِ فِىۡ يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِىۡ لَا تُؤۡتُوۡنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَ
تَرۡغَبُوۡنَ اَنۡ تَنۡكِحُوۡهُنَّ وَالۡمُسۡتَضۡعَفِيۡنَ مِنَ الۡوِلۡدَانِ ۙ وَاَنۡ تَقُوۡمُوۡا
لِلۡيَتٰمٰى بِالۡقِسۡطِ ؕ آپ فرما دیجئے کہ اللہ تمہیں ان عورتوں کے بارے میں حکم
دیتا ہے اور ساتھ ہی وہ احکام بھی یاد دلاتا ہے جو پہلے سے تم کو اس کتابِ میں سنائے جا
رہے ہیں، وہ ان یتیم عورتوں ہی کے بارے میں ہیں جنہیں تم ان کے مقرر شدہ
حقوق نہیں دیتے اور چاہتے ہو کہ خود ان کے ساتھ نکاح کرلو اور وہ احکام بھی جو بے
سہارا بچوں کے بارے میں ہیں کہ یتیموں کے معاملے میں انصاف پر قائم رہا کرو وَمَا
تَفۡعَلُوۡا مِنۡ خَيۡرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيۡمًا ﴿۱۲۷﴾ اور تم جو بھلائی بھی کرو گے تو
یقیناً اللہ اسے خوب جانتا ہے وَاِنِ امۡرَاَةٌ خَافَتۡ مِنۡۢ بَعۡلِهَا نُشُوۡزًا اَوۡ
اِعۡرَاضًا فَلَا جُنَاحَ عَلَيۡهِمَاۤ اَنۡ يُّصۡلِحَا بَيۡنَهُمَا صُلۡحًا ؕ وَالصُّلۡحُ خَيۡرٌ ؕ
وَاُحۡضِرَتِ الۡاَنۡفُسُ الشُّحَّ ؕ اور اگر کسی عورت کو اپنے شوہر کی جانب سے
زیادتی یا بے رغبتی کا خوف ہو تو دونوں میاں بیوی پر کوئی حرج نہیں کہ وہ آپس میں

کسی مناسب طریقہ اور باہمی رضامندی سے صلح کرلیں، اور یہ صلح بہر حال اچھی چیز
ہے اور طبعاً ہر انسان میں حرص تو موجود ہی ہے وَ اِنْ تُحْسِنُوْا وَ تَتَّقُوْا فَاِنَّ
اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرًا ﴿۱۲۸﴾ اور اگر تم حسن سلوک سے کام لو اور اللہ سے
ڈرتے رہو تو یقین رکھو کہ تمہارا یہ طرز عمل اللہ کے علم میں ہوگا وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا
اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ
فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ اور تم ہرگز اس بات کی قدرت نہیں رکھتے کہ تم سب
بیویوں کے درمیان پورا عدل کرسکو، تم اگر چاہو بھی تو اس پر قادر نہیں ہو، لیکن تم
ایسا نہ کرنا کہ ایک طرف تو بالکل مائل ہو جاؤ اور دوسری کو درمیان میں معلق چھوڑ دو
وَاِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿۱۲۹﴾ اور اگر تم اپنا طرز
عمل درست کرلو اور اللہ سے ڈرتے رہو تو بے شک اللہ بڑا بخشنے والا اور ہر وقت رحم
کرنے والا ہے وَاِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا
حَكِيْمًا ﴿۱۳۰﴾ اور اگر دونوں میاں بیوی ایک دوسرے سے جدا ہو ہی جائیں تو اللہ اپنی
وسیع قدرت سے ہر ایک کو دوسرے سے بے نیاز کر دے گا اور اللہ بڑا صاحب
وسعت اور بڑی حکمت والا ہے وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ
لَقَدْ وَصَّيْنَا الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ وَاِيَّاكُمْ اَنِ اتَّقُوا
اللّٰهَ ؕ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے وہ سب اللہ ہی کا ہے، اور
بلاشبہ ہم نے ان لوگوں کو جنہیں تم سے پہلے کتاب دی گئی تھی حکم دیا تھا اور تمہیں



بھی یہی حکم دیا ہے کہ تم اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہا کرو وَ اِنْ تَكْفُرُوْا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا
فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيْدًا ﴿۱۳۱﴾ اور اگر تم کفر کی
روش اختیار کروگے تو یقین جانو کہ جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے وہ
سب اللہ ہی کا ہے اور اللہ تعالیٰ بڑا بے نیاز اور ہر تعریف کا مستحق ہے وَ لِلّٰهِ مَا فِي
السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾ جو کچھ آسمانوں میں ہے
اور جو کچھ زمین میں ہے وہ سب اللہ ہی کا ہے، اور صرف اللہ کا کارساز ہونا ہی کافی ہے
اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَ يَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ
قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾ اے لوگو! اگر وہ چاہے تو تم سب کو فنا کردے اور تمہاری جگہ دوسروں کو
لے آئے، اور اللہ ایسا کرنے پر پوری قدرت رکھتا ہے مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ
الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَ الْاٰخِرَةِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا
بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾ع جو شخص صرف دنیا کے انعام کی خواہش رکھتا ہے تو وہ جان لے کہ اللہ
کے پاس تو دنیا و آخرت دونوں کا انعام موجود ہے، اور اللہ خوب سننے والا اور خوب
دیکھنے والا ہے اس دنیا کا انعام محض چند دن کا ہے جبکہ آخرت کا انعام دائمی ہے اور ہمیشہ ہمیشہ
باقی رہے گا رکوع [۱۹]

[# 88]

In verses 127 to 134, emphasis is placed on justice between wives. Everything in the heavens and the earth belongs to Allah, and there is a warning that if He wills, He can replace the current people with others.

وَ يَسْتَفْتُوْنَكَ فِي النِّسَآءِ ط

And [O Prophet!] These people seek ruling from you [about their obligation] concerning women.

قُلِ اللّٰهُ يُفْتِيْكُمْ فِيْهِنَّ ۙ وَ مَا يُتْلٰى عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ فِيْ
يَتٰمَى النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا تُؤْتُوْنَهُنَّ مَا كُتِبَ لَهُنَّ وَتَرْغَبُوْنَ
اَنْ تَنْكِحُوْهُنَّ وَ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْوِلْدَانِ ۙ وَ اَنْ
تَقُوْمُوْا لِلْيَتٰمٰى بِالْقِسْطِ ؕ

Say, "Allah gives you a ruling about them, and [reminds you] what has [already] been recited to you in the Book concerning the orphan girls to whom you do not give what is decreed for them - and [yet] you desire to marry them. And [also ruling] concerning the oppressed among children. And that you should maintain justice for the orphans.

وَ مَا تَفۡعَلُوۡا مِنۡ خَيۡرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِهٖ عَلِيۡمًا﴿۱۲۷﴾

And whatever good you do - indeed, Allah is aware of it.

وَ اِنِ امۡرَاَةٌ خَافَتۡ مِنۡۢ بَعۡلِهَا نُشُوۡزًا اَوۡ اِعۡرَاضًا فَلَا
جُنَاحَ عَلَيۡهِمَاۤ اَنۡ يُّصۡلِحَا بَيۡنَهُمَا صُلۡحًا ؕ وَ الصُّلۡحُ خَيۡرٌ ؕ
وَ اُحۡضِرَتِ الۡاَنۡفُسُ الشُّحَّ ؕ

And if a woman fears ill treatment or aversion from her husband, there is no blame on both husband and wife, if they reconcile a peaceful settlement between themselves. Indeed, reconciliation is a good thing, though greed is ever-present in the [human] soul.

وَ اِنْ تُحْسِنُوْا وَ تَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ
خَبِيْرًا ﴿۱۲۸﴾

And if you excel in doing good and fear Allah, then [remember that] Allah is all-aware of what you do.

وَلَنْ تَسْتَطِيْعُوْٓا اَنْ تَعْدِلُوْا بَيْنَ النِّسَآءِ وَلَوْ حَرَصْتُمْ
فَلَا تَمِيْلُوْا كُلَّ الْمَيْلِ فَتَذَرُوْهَا كَالْمُعَلَّقَةِ ؕ

And you will never be able to maintain perfect justice among your wives, even if it is your sincere desire. But do not incline wholly towards one to the extent that you leave the other suspended.

وَ اِنْ تُصْلِحُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿١٢٩﴾

And if you act righteously and fear Allah, then surely Allah is Most Forgiving, Most Merciful.

وَ اِنْ يَّتَفَرَّقَا يُغْنِ اللّٰهُ كُلًّا مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ وَاسِعًا حَكِيْمًا ﴿١٣٠﴾

But if they decide to separate [by divorce], Allah will enrich each [of them] out of His Bounty. And ever is Allah All-Encompassing and All-Wise.

وَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الۡاَرۡضِ ؕ وَ لَقَدۡ وَصَّيۡنَا
الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ مِنۡ قَبۡلِكُمۡ وَ اِيَّاكُمۡ اَنِ اتَّقُوا
اللّٰهَ ؕ

Whatever is in the heavens, and whatever is on the earth, belongs to Allah. And indeed, We have commanded those who were given the Scripture before you, and We command you, to fear Allah.

وَ اِنۡ تَكۡفُرُوۡا فَاِنَّ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الۡاَرۡضِ ؕ وَ
كَانَ اللّٰهُ غَنِيًّا حَمِيۡدًا ﴿۱۳۱﴾

And if you disbelieve, then [know that] whatever is in the heavens and whatever is in the earth, belongs to Allah. Surely, Allah is Self-Sufficient and Praiseworthy.

وَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ مَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۱۳۲﴾
And whatever is in the heavens and whatever is on the earth, belongs to Allah. And sufficient is Allah as a Guardian.
اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ اَيُّهَا النَّاسُ وَ يَاْتِ بِاٰخَرِيْنَ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ عَلٰى ذٰلِكَ قَدِيْرًا ﴿۱۳۳﴾
[O people!] If [ever] He wills, He can take you away all, and bring others in your place, and Allah has the power to do so.

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ ثَوَابَ الدُّنْيَا فَعِنْدَ اللّٰهِ ثَوَابُ الدُّنْيَا وَ
الْاٰخِرَةِ ؕ وَ كَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًاۢ بَصِيْرًا ﴿۱۳۴﴾ ركوع [۱۹]

Whoever desires only the reward of this world, [should know that] with Allah are the rewards of both this world and the Hereafter. And Allah is All-Hearing, All-Seeing.

The reward of this world is only for a few days, while the reward of the Hereafter is eternal and will remain forever.